© rasailojaraid.com



تردید کا مطالبہ کرتے ہیں۔ احقر آپکی خدمت میں "نقشِ دوام" بھی پیش کر چکا ہے۔ پھر اغلوطات کیسے شائع ہوگئے؟ یا سبحان اللہ "الحق میں" اور یہ اکذب۔

امسال یہ ذرۂ بے مقدار عازم حرمین شریفین ہے۔ اگر آپ تشریف فرما ہوں تو اطلاع دیجئے، تاکہ شرف نیاز حاصل ہوسکے، ساہیوال میں ہونے والے اجلاس برائے دارالعلوم کی شرکت کی دعوت ملی ہے، اس میں شرکت کا وعدہ بھی کرلیا لیکن دیوبندی اکابر نے اسے حج کے بعد رکھنے کی درخواست کی ہے۔ سفر پاکستان کے موقعہ پر اکوڑہ خٹک کی زیارت کی تمنا قلب کی بڑی آرزو ہے۔ آپکے والد ماجد دیوبند تشریف رکھتے تھے تو دور سے ان کی زیارت کا شرف نصیب ہوتا، شکل و صورت محفوظ ہے، لیکن خاکسار اس وقت جاہلیت کے دور سے گذر رہا تھا۔ یعنی انگریزی پڑھ رہا تھا۔ اس لئے حضرت موصوف سے ہم نشینی وہم کلامی کا شرف بھی نصیب عاجز نہ تھا۔ خدا تعالیٰ ان کے ظلِ ظلیل کو آپ اور خدام پر طویل تر فرمائے۔

میری جانب سے انکی خدمتِ اقدس میں نیاز مندانہ سلام پیش کردیں نقشِ دوام پر آپ کا تبصرہ باصرہ نواز نہیں ہوا، انتظار ہے اور رہے گا۔ نضّر اللہ وجھک یوم القیامۃ و وفقک اللہ لسماع الحق وقد سماک اللہ تعالیٰ سمیع الحق فعلیک سماع الحق۔

(مولانا انظر شاہ کشمیری۔ مدرس دارالعلوم دیوبند۔ صاحبزادہ مولانا انور شاہ کشمیری)

**ماہر القادری مرحوم اور فاران کا خصوصی شمارہ** ادارہ فاران نے اس کے بانی و مدیر مولانا ماہر القادری مرحوم کی یاد میں فاران کا ایک ضخیم خصوصی نمبر شائع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مولانا کے مداح اور ہم عصر اہلِ قلم سے اپنے رشحاتِ قلم تاثرات اور یادداشتیں ارسال کرنے کی خصوصی اپیل ہے۔

(مسرور حسین مدیر فاران ای ۲/۱۷ ناظم آباد، کراچی ۱۸)

**چوہدری افضل حق مرحوم اور سوانحی مواد** احقر چوہدری افضل حق مرحوم صدر مجلس احرار اسلام کے افکار و سوانح پر تحقیقی کتاب لکھ رہا ہے۔ جو احباب مرحوم کی زندگی یا افکار کے سلسلے میں کوئی مواد مطبوعہ یا غیر مطبوعہ رکھتے ہوں تو براہ کرم عاریتاً ارسال فرمائیں۔

(امجد علی شاکر ایم اے بصیر پور، ضلع ساہیوال)

**وفاق المدارس بنگلہ دیش** بنگلہ دیش کے قومی و عربی مدارس کی ایک نمائندہ کانفرنس ڈھاکہ میں منعقد ہوئی یہ وفاق جمعیۃ العلماء اسلام بنگلہ دیش کی انتھک مساعی سے وجود میں آیا نصاب پر غور کیا جارہا ہے۔ امتحانات کیلئے امتحانی کمیٹی بنائی گئی۔

(۔ عبدالجبار ناظم وفاق المدارس العربیہ امداد العلوم فرید آباد، ڈھاکہ)

**علماء پاک و ہند کی حدیثی خدمات** عالم عرب کو علماء برصغیر کی حدیثی خدمات سے متعارف کرانے کیلئے ایک عربی تالیف زیر ترتیب ہے۔ علماء سے اپیل ہے۔ کہ حسب ذیل معلومات فراہم کرکے علمی کام میں تعاون فرماویں۔ حدیث نبوی کے سلسلہ میں آپ یا آپ کے شیخ کی خدمات از قسم تالیف، حاشیہ، مطبوعہ، غیر مطبوعہ خصائص

© rasailojaraid.com